# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

4

Date: 16 May-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/مئی ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے پانچویں اور ریاست میں آخری مرحلے کی تشہیری مہم عروج پر؛ بی جے پی رہنما اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کا ناسک اور کلیان میں تشہیری جلسوں سے خطاب۔

☆ شہریت ترمیمی قانون کے تحت پہلی بار 14 افراد کو شہریت کے صداقت نامے تفویض۔

☆ ممبئی میں اشتہاری بورڈ گرنے سے ہوئے حادثے کا ملبہ ہٹانے کا کام جنگی پیمانے پر جاری۔

اور۔۔۔☆ فیڈریشن کپ ٹورنامنٹ مقابلوں میں نیزہ باز نیرج چوپڑہ نے طلائی تمغہ جیتا۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمانی انتخابات کے پانچویں اور ریاست میں آخری مرحلے کی انتخابی تشہیری مہم آئندہ سنیچر کو ختم ہو رہی ہے اور اس مرحلے کیلئے تشہیری مہم عروج پر پہنچ چکی ہے۔ اس مرحلے میں ریاست کے دھولیہ، دِنڈوری، ناسک، پال گھر، بھیونڈی، کلیان، تھانے اور ممبئی کے چھ انتخابی حلقے شامل ہیں' جس کیلئے آئندہ 20 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

بی جے پی رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی نے کل ناسک ضلع کے پمپل گاؤں بسونت میں ایک تشہیری اجتماع سے خطاب کیا۔ ناسک سے مہایوتی کے امیدوار ہیمنت گوڈسے اور دِنڈوری انتخابی حلقے کی امیدوار بھارتی پوار کی تشہیر کیلئے منعقدہ اس جلسۂ عام میں وزیر اعظم نے حزبِ اختلاف کی جماعتوں پر سخت تنقید کی۔ ناسک میں پیاز کے مسئلہ پر بات کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ مرکزی حکومت نے پیاز کا بفراسٹاک کرنے کا منصوبہ شروع کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت پیاز اور دیگر فصلوں کیلئے آپریشن گرین نافذ کر رہی ہے اور پیاز کی حمل و نقل کیلئے امداد فراہم کی جائے گی۔ نائب وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے اس اجلاس میں خطاب کے دوران کہا کہ کسانوں کو خود کفیل بنانے اور حکومت کی مدد کے بغیر اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کیلئے مرکزی حکومت ایک علیحدہ نظام قائم کر رہی ہے۔

اس موقع پر ریاستی وزیر چھگن بھجبل نے دھان کے کاشتکاروں کی طرز پر پیاز کی کاشت کرنے والے کسانوں کو بھی کم از کم بنیادی قیمت اور امدادی رقم دینے کا مطالبہ کیا۔

بعد ازاں نریندر مودی نے کلیان میں مہایوتی کے امیدوار شریکانت شندے کی انتخابی مہم سے بھی خطاب کیا' جبکہ ممبئی کے گھاٹ کوپر میں ایک روڈ شو کیا۔ ڈھائی کلومیٹر طویل اس روڈ شو کے دوران سڑک کی دونوں جانب شہریوں کا ہجوم دیکھا گیا۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلی دیویندر پھڑنویس، ممبئی بی جے پی کے صدر اور رکنِ اسمبلی آشیش شیلار، امیدوار مہر کوٹیچا اور اُجول نکم موجود تھے۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس (شرد چندر پوار) پارٹی کے سربراہ شرد پوار نے کل دِنڈوری انتخابی حلقہ میں مہاوکاس اگھاڑی کے اُمیدوار بھاسکر بھگرے کیلئے وَنی میں ایک تشہیری جلسہ میں شرکت کی۔اسی طرح ممبئی کے کانجور مارگ میں بھی انہوں نے ایک تشہیری مہم میں حصہ لیا۔

شیوسینا اُدھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے صدر ادھوٹھاکرے نے ناسک پارلیمانی حلقہ سے مہاوکاس اگھاڑی کے امیدوار راجا بھاؤ واجے کیلئے ناسک میں ایک تشہیری جلسہ کیا۔اس دوران انھوں نے الیکٹورل بانڈ کوسب سے بڑا گھوٹالہ بتاتے ہوئے حکومت کو اس موضوع پر کھلی بحث کرنے کا چیلنج دیا۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے رہنماؤں اور مرکزی وزراء کے ایک وفد نے انتخابی کمیشن سے کانگریس اور انڈیا اتحاد کی جانب سے مثالی ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کی شکایت کی ہے۔اس وفد میں مرکزی وزراء ایس جے شنکر، جی کشن ریڈی، ارجن رام میگھوال اور راجیو چندر شیکھر شامل تھے۔بعدازاں ایس جے شنکر نے صحافیوں کو بتایا کہ مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے 22 معاملات پیش کر کے انتخابی کمیشن سے فوری کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔

***** ***** *****

لوک نِرنئے مہاراشٹراچا پروگرام میں آج کے نشریہ میں جنوب وسطی ممبئی پارلیمانی حلقوں کا جائزہ پیش کیا جائے گا۔یہ پروگرام شام سوا سات تا ساڑھے سات بجے تک آکاشوانی ممبئی کے اَسمتا چینل اور سوشل میڈیا پر سنا جاسکے گا۔

***** ***** *****

مہادیو بیٹنگ ایپ کے معاملے میں پولس نے پونے کے نارائن گاؤں میں چھاپہ مار کر 70 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔بیرون ممالک سمیت ملک کی مختلف ریاستوں میں چھاپوں کے بعد نارائن گاؤں سے مہادیو آن لائن بیٹنگ ایپ کا کام کیے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔سٹے بازی کے اس آن لائن ایپ کے ذریعے کروڑوں روپے کا گھوٹالہ کرنے کی بات انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی تحقیقات میں سامنے آئی ہے۔

***** ***** *****

شہریت ترمیمی قانون، سی اے اے کے تحت 14 لوگوں کو کل پہلی بار شہریت سے متعلق دستاویزات تقسیم کیے گئے۔اس قانون کے تحت شہریت کے دستاویزات کیلئے درخواست کرنے والوں کو مرکزی داخلہ سکریٹری اجے کمار بھلا نے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔نوٹیفکیشن کے مطابق 31 دسمبر 2014 سے پہلے پاکستان، بنگلہ دیش یا افغانستان سے بھارت آنے والے ہندو، سکھ، جین، بدھ، پارسی اور عیسائیوں مذہب کے شہریوں کو شہریت کیلئے درخواستیں کرنا تھیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ممبئی کے گھاٹ کوپر میں واقع چھیڑا نگر علاقے میں ہورڈنگ گرنے سے پیش آئے حادثے میں بینر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائے گئے ہیں۔ ان چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کے ساتھ جائے حادثہ پر موجود ملبے اور دیگر اشیا کو ہٹانے کا کام جنگی پیمانے پر جاری ہے۔برہن ممبئی میونسپل کارپوریشن عملے کے ساتھ ممبئی کا آتش فرودستہ، ممبئی پولس، 108 ایمبولینس خدمات، قومی انسدادِ ہنگامی حالات دستہ، بھارت پٹرولیم، مہانگر گیس اور تمام متعلقہ سرکاری محکمے اور دیگر ادارے ایک دوسرے کے تعاون سے راحت رسانی کے کام کررہے ہیں۔گذشتہ 13 مئی کو پیش آئے اس حادثے میں 14 شہریوں کی جانیں گئی تھیں، جبکہ حادثے میں زخمی ہونے والے 74 افراد کو بحفاظت باہر نکال لیا گیا تھا۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے رُکنِ اسمبلی ویبھو نائیک نے انتخابی افسران سے شکایت کی ہے کہ رتنا گیری۔سندھودُرگ لوک سبھا حلقہ میں حالیہ انتخابات کے دوران بی جے پی کے امیدوار نارائن رانے کے حق میں ووٹ کرنے کیلئے رائے دہندگان کو پیسے تقسیم کیے گئے ہیں۔[4] نائیک نے اپنی شکایت میں کہا کہ اس الیکشن میں نارائن رانے کو ووٹ دینے کیلئے سندھودُرگ ضلعے کے سبھی گاؤوں میں ووٹروں میں پیسے تقسیم کرنے کی بات سامنے آئی ہے۔

***** ***** *****

قومی سطح پر آج انسدادِ ڈینگو دِن منایا جارہا ہے۔اس مناسبت سے محکمہ صحت کی جانب سے آج مختلف عوامی بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا ہے۔لاتور میونسپل کارپوریشن کے شعبۂ صحت کے افسر ڈاکٹر شنکر بھارتی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے گھروں میں موجود پانی ذخیرہ کرنے کے برتنوں کو ہفتے میں ایک بار خالی کرکے دوبارہ بھریں، ہفتے میں ایک خشک دن منائیں اور اپنے اطراف کے ماحول کو صاف ستھرا رکھنے کا خیال رکھیں۔

***** ***** *****

بھونیشور میں منعقدہ فیڈریشن ٹورنامنٹ 2024 مقابلوں میں نیزہ باز نیرج چوپڑا نے طلائی تمغہ جیتا۔پہلے تین راؤنڈ میں نیرج دوسرے نمبر پر رہے' لیکن چوتھے راؤنڈ میں 82 اعشاریہ 27 میٹر دوری پر نیزہ پھینکتے ہوئے انھوں نے اول مقام حاصل کیا۔

***** ***** *****

لاتور ضلع پریشد کے سی ای او انمول ساگر نے کہا ہے کہ جل جیون مشن کے تحت لاتور میں جاری کاموں میں تیزی لانے کی ضرورت ہے اور ان کاموں میں تاخیر کرنے والے کانٹریکٹروں کے ساتھ رعایت نہیں کی جائے گی۔اس خصوص میں منعقدہ میٹنگ سے وہ مخاطب تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں ضلع زرعی سپرنٹنڈنٹ بی ایس برہاٹے نے اپیل کی ہے کہ آئندہ خریف ہنگام میں کسان جعلی HTBT کپاس تخم خریدی نہ کریں' بلکہ معیاری اور اعلیٰ قسم کے تخم دینے والے لائسنس یافتہ دوکان مالکان سے ہی کپاس BT تخم رسید کے ساتھ خریدیں۔کاشتکاروں کے ساتھ جعلسازی اور ملاوٹی بیج کی خرید وفروخت کی روک تھام کیلئے یہ اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

ناسک کی مہاراشٹر طبی سائنس یونیورسٹی کی گرمیوں کے سیشن کے پہلے مرحلہ میں میڈیسن فیکلٹی کے گریجویشن اور پوسٹ گریجویشن نصاب کے تحریری امتحانات آئندہ 18 مئی سے شروع ہوں گے۔ریاست کے تقریباً 39 امتحانی مراکز پر یہ امتحانات منعقد کیے جائیں گے۔امتحانات سے متعلق مزید معلومات یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہے۔

***** ***** *****

انڈین پریمئر لیگ IPL کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل گواہاٹی میں پنجاب کنگس نے راجستھان رائلس کو پانچ وکٹوں سے شکست دے دی۔اس ٹورنامنٹ میں آج حیدرآباد میں سن رائزرس حیدرآباد اور گجرات ٹائٹنس کے مابین مقابلہ ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلعے کے ویجاپور تعلقے کے لونی خورد' نائیگو ہان' جروڑ اور بھادلی میں کل شام طوفانی ہواؤں کے ساتھ زوردار بارش ہوئی۔اس بارش کی وجہ سے گھروں کے ٹین اُڑ گئے اور کچھ مقامات پر درخت اُکھڑ گئے۔اس بارش سے موسمبی اور پیاز کی فصل کا بڑے پیمانے پر نقصان ہوا' جبکہ جسم پر پتھر گرنے سے دو افراد زخمی ہوگئے۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں:::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ لوک سبھا انتخابات کے پانچویں اور ریاست میں آخری مرحلے کی تشہیری مہم عروج پر؛ بی جے پی رہنما اور وزیرِ اعظم نریندر مودی کا ناسک اور کلیان میں تشہیری جلسوں سے خطاب۔

☆ شہریت ترمیمی قانون کے تحت پہلی بار 14 افراد کو شہریت کے صداقت نامے تفویض۔

☆ ممبئی میں اشتہاری بورڈ گرنے سے ہوئے حادثے کا ملبہ ہٹانے کا کام جنگی پیمانے پر جاری۔

اور۔۔۔☆ فیڈریشن کپ ٹورنامنٹ مقابلوں میں نیزہ باز نیرج چوپڑہ نے طلائی تمغہ جیتا۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****